3جولائی2021ء

# اسٹیٹ بینک نے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کی پیش رفت پر اعداد و شمار کا اجرا شروع کر دیا، جون میں ریکارڈ رقم کی آمد

بینک دولت پاکستان نے اپنے اہم پالیسی اقدامات میں شفافیت لانے کے عزم کے مطابق آج سے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ (آر ڈی اے) کی پیش رفت کے بارے میں باقاعدگی سے اعداد و شمار جاری کرنے شروع کر دیے ہیں۔ آر ڈی اے میں شامل بینکوں کی انفرادی رپورٹوں پر مبنی اعداد و شمار یکجا کر کے ایک نئے ویب پیج پر عوام کو مہیا کر دیے گئے ہیں جو یہ ہے:

https://www.sbp.org.pk/RDA/Progress.html

ماہانہ بنیاد پر اس ویب پیج کی تازہ کاری کی جاتی رہے گی۔ مارکیٹ کے شرکا نے بھی اس مدت وار اپ ڈیٹ کی درخواست کی تھی۔

10 ستمبر 2020ء کو وزیر اعظم پاکستان نے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کا افتتاح کیا تھا۔ تب سے سمندر پار پاکستانیوں کی جانب سے اس میں کافی دلچسپی کا اظہار ہوا ہے۔ آج جاری کردہ نئے ویب پیج کے مطابق آخر جون 2021ء تک دنیا بھر میں 171 ممالک سے 181556 اکاؤنٹس کھولے گئے ہیں اور 1.562 ارب ڈالر ان اکاؤنٹس میں جمع کرائے گئے ہیں۔ ویب پیج پر کھولے گئے اکاؤنٹس کی تعداد، ڈپازٹس اور نیا پاکستان سرٹیفکیٹس (این پی سیز) اور اسٹاک مارکیٹ کا ماہانہ رجحان دکھایا گیا ہے۔ اعداد و شمار سے پچھلے چند ماہ کے دوران ان تمام پہلوؤں میں تیزی کا رجحان نظر آتا ہے۔ جون 2021ء میں روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کے آغاز سے اب تک ڈپازٹس کی بلند ترین رقم (310 ملین ڈالر) اور این پی سی کی بلند ترین ماہانہ سرمایہ کاریاں (233 ملین ڈالر) آئیں۔ آخر جون 2021ء تک نیا پاکستان سرٹیفکیٹس میں 1050 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی گئی جس میں 621 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری روایتی این پی سیز اور 429 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری اسلامک این پی سیز میں کی گئی۔

روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ اسٹیٹ بینک کا ایک تاریخی اقدام ہے جو بہت سہل انداز میں دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں کو پاکستانی مالی نظام اور معیشت سے جوڑتا ہے۔ پہلی مرتبہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو مکمل طور پر ڈیجیٹل طور پر پاکستان میں بینک اکاؤنٹ کھولنے کا موقع ملا ہے جس کے لیے کسی بینک برانچ یا سفارت خانے جانے کی ضرورت نہیں۔ اس اکاؤنٹ کے ذریعے بیرون ملک مقیم پاکستانی، پاکستان میں ہر قسم کی بینکاری لین دین کر سکتے ہیں جن میں اپنے خاندان کے اسکول اور یوٹیلیٹی بلز کی ادائیگی، فنڈ ٹرانسفر، ای کامرس، 'روشن اپنی کار' کے ذریعے کار فنانسنگ اور 'روشن سماجی خدمت' کے ذریعے فلاحی عطیات دینا شامل ہیں۔ ساتھ ہی یہ اکاؤنٹ نیا پاکستان سرٹیفکیٹس میں منفرد سرمایہ کاری مواقع فراہم کرتا ہے جس میں روایتی اور شریعت سے ہم آہنگ دونوں شکلوں میں پرکشش منافع دیے جارہے ہیں۔ اس کے علاوہ آر ڈی اے پاکستانی اسٹاک مارکیٹ اور رئیل اسٹیٹ میں بھی سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ ٹیکس کے امور آسان ہیں، جس میں بیرون ملک مقیم پاکستانی اس اکاؤنٹ کے ذریعے کی گئی سرمایہ کاریوں سے ہونے والی آمدنی پر پاکستان میں ٹیکس گوشوارے داخل کرنے کی شرط سے مستثنیٰ ہیں۔ اہم بات یہ ہے کہ یہ اکاؤنٹ مکمل طور پر قابل واپسی (repatriable) ہے جس سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو یہ سہولت میسر ہے کہ وہ کسی دشواری کے بغیر اپنے اکاؤنٹ میں موجود رقم واپس اُس ملک میں لے جا سکتے ہیں جہاں وہ مقیم ہیں۔

***